Language (Urdu) - Std. 3rd - Student Copy

इ. ३री - उर्दू भाषा

مہاراشٹر وِدّیا پرادھیکرن، پونے ۳۰
تعلیمی ترقی یافتہ مہاراشٹر
تعلیمی ترقی جانچ - مجموعی قدر پیمائی ۲ : ۱۸-۲۰۱۷ء
جماعت : سوم - مضمون : اُردو (تحریری)

طالب علم کا نام : .... حاضری نمبر : [ ]

مدرسہ کا نام : .... فریق : ....

مرکز : .... تعلقہ .... ضلع .... تاریخ : / / ۲۰۱۸ء

	تحریری						زبانی		حاصل کردہ نمبرات			دستخط معلم
سوال نمبر	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	بنیادی صلاحیت	جماعت کی صلاحیت	کل نمبرات	
حاصل کردہ نمبرات												
مختص نمبرات	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵			۴۰	

س ۱: لفظ سنو اور لکھو۔ (۵ نمبرات)

(۱) .... (۲) ....

(۳) .... (۴) ....

(۵) .... (۶) ....

(۷) .... (۸) ....

(۹) .... (۱۰) ....

س ۲ : دیا گیا اقتباس پڑھو اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

چاند سلطانہ چاند بی بی کے نام سے مشہور ہیں۔ وہ احمد نگر کے بادشاہ کی بیٹی تھیں۔ چاند بی بی بڑی ذہین تھیں۔ انھوں نے کئی زبانیں سیکھ لی تھیں۔ احمد نگر کے پاس ہی بیجاپور کی ریاست تھی۔ چاند بی بی کی شادی وہاں کے حاکم علی عادل شاہ سے ہوئی تھی۔ بادشاہ ان کی بڑی قدر کرتے۔ دونوں ساتھ ساتھ سیر کرتے، شکار کو جاتے۔ دربار میں بھی ملکہ بادشاہ کے ساتھ ہوتی تھیں۔ سلطنت کے کاموں میں علی عادل شاہ چاند بی بی سے مشورہ لیا کرتے تھے۔

الف) چاند سلطانہ کس کی بیٹی تھیں؟ صحیح متبادل کے اطراف دائرہ بناؤ۔ (۱ر نمبر)

(الف) اورنگ آباد کے ملک عنبر

(ب) احمد نگر کے بادشاہ

(ج) بیجاپور کے عادل شاہ

ب) چاند بی بی کی شادی کس سے ہوئی؟ صحیح متبادل کے اطراف دائرہ بناؤ۔ (۲ر نمبرات)

(الف) علی عادل شاہ

(ب) برید شاہ

(ج) اکبر شاہ

ج) علی عادل شاہ چاند سلطانہ کو کن موقعوں پر ساتھ رکھتے تھے اور کس کام کے لیے مشورہ لیا کرتے تھے؟ (۲ر نمبرات)

....

....

س ۳: نیچے دی ہوئی تصویر میں داور چاچا گیلا کچرا اور سوکھا کچرا جمع کر رہے ہیں۔ اُن سے ان کے کام کے بارے میں پانچ مختلف سوالات پوچھو اور نیچے دی ہوئی جگہ میں لکھو۔ (۵ نمبرات)

س ۴ : **خبر پڑھو اور اس پر منحصر سوالوں کے جواب لکھو۔**

(نامہ نگار کے ذریعے) گزشتہ دنوں ضلع پریشد اسکول نیم کھیڑ کے طلبہ کی تعلیمی سیر 'سیوا گرام' گئی۔ سیوا گرام وردھا شہر سے کچھ دور ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔ یہاں طلبہ نے گاندھی جی کی رہنے کی ایک سادہ کٹیا دیکھی جسے 'باپوکُٹی' کہتے ہیں۔ یہ ایک چھوٹی سی جھونپڑی ہے جو مٹی اور بانس سے بنی ہے۔ اس کی چھت کویلو کی ہے۔ باپوکُٹی کے دروازے کے پاس باپو کی لاٹھی رکھی ہے۔ پاس ہی ان کا چرخہ بھی ہے۔ اسی پر گاندھی جی سوت کاتتے تھے۔ طلبہ نے وہاں اور بھی بہت سی چیزیں دیکھیں۔ اس سیر میں صدر مدرّس اور اساتذہ بھی موجود تھے۔

الف) سیر میں کون کون شریک تھے؟ (۱رنمبر)

....

....

ب) 'باپوکُٹی' کن چیزوں سے بنی ہے؟ (۲رنمبرات)

....

....

ج) 'باپوکُٹی' کے بارے میں دو جملے لکھیے۔ (۲رنمبرات)

....

....

....

....

س ۵:   نیچے دی ہوئی تصویر دیکھو اور اس پر مبنی ایک کہانی لکھو۔   (۵ نمبرات)

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

س٦ :　نیچے دیے ہوئے سوالوں کو ہدایات کے مطابق حل کرو۔

الف)　درج ذیل جملے میں ایک لفظ کو خط کشیدہ کیا گیا ہے۔ خط کشیدہ لفظ کی جگہ ضد الفاظ کا استعمال کر کے جملہ دوبارہ لکھو۔
یادرکھو کہ جملے کا مطلب نہیں بدلنا چاہیے۔　(۱ نمبر)
راجو غریب ہے۔

....

ب)　نیچے دیے ہوئے جملے میں 'سوالیہ نشان' کا استعمال کر کے جملہ دوبارہ لکھو۔　(۱ نمبر)
سپاہی کیا کر رہے تھے

....

ج)　نیچے دیے ہوئے لفظ کے بعد 'مند' لگا کر دوسرا لفظ بناؤ۔　(۱ نمبر)
جیسے : صحت + مند = صحت مند

دولت + ... = ...

د)　نیچے دیے ہوئے جملے میں وقفہ اور ختمہ کا استعمال کر کے جملہ دوبارہ لکھو۔　(۱ نمبر)
ابّا یہ درخت تو کتنا اونچا ہے

....

ہ)　ذیل کے لفظ میں موجود حروف سے بننے والے کوئی دو بامعنی لفظ لکھو۔　(۱ نمبر)
جیسے : تالاب - تالا ، تال ، اب

درباری - ....

❖❖❖